بابر اعظم ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کے بہترین کھلاڑی قرار

کراچی، 17 نومبر 2020ء:

ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 2020 کی چیمپئن کراچی کنگز کے اوپنر بابر اعظم کو ٹورنامنٹ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا ہے۔ ایونٹ کے فائنل میں کراچی کنگز نے لاہور قلندرز کو پانچ وکٹوں سے شکست دی تھی۔

ٹورنامنٹ کے 12 میچوں میں 473 رنز بنانے والے بابر اعظم کو ایونٹ کا بہترین بیٹسمین بھی قرار دیا گیا ہے، انہوں نے اس دوران تین میچوں میں بہترین کھلاڑی کا ایوارڈ حاصل کیا۔

بابر اعظم کراچی کنگز کے دوسرے بلے باز جو اب تک یہ ایوارڈ حاصل کرسکیں گے۔ اس سے قبل روی بوپارہ نے سال 2016 میں ایونٹ کے بہترین کھلاڑی کا ایوارڈ حاصل کیا تھا۔ انہوں نے ٹورنامنٹ میں 329 رنز بنانے کے ساتھ ساتھ 11 وکٹیں بھی حاصل کی تھیں۔

دوسری جانب ٹورنامنٹ کے بہترین باؤلر کا اعزاز لاہور قلندرز کے شاہین شاہ آفریدی نے حاصل کیا۔ انہوں نے ٹورنامنٹ میں 7.11 اکانومی ریٹ کے ساتھ 17 وکٹیں حاصل کرکے یہ ایوارڈ اپنے نام کیا۔

شاہین شاہ آفریدی کے ساتھی کھلاڑی بین ڈنک کو وکٹوں کے پیچھے سب سے زیادہ شکار کرنے پر ٹورنامنٹ کا بہترین وکٹ کیپر قرار دیا گیا۔ انہوں نے ٹورنامنٹ کے دوران وکٹوں کے پیچھے 9 شکار کیے۔

پشاور زلمی کے حیدر علی کو ایمرجنگ پلیئر آف دی ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 2020 قرار دیا گیا۔ بیس سالہ کرکٹر نے ٹورنامنٹ کے پہلے حصے میں شاندار انفرادی کارکردگی کی بدولت قومی کرکٹ ٹیم میں جگہ بنالی تھی۔ انہوں نے ایونٹ میں 26.56 کی اوسط سے 239 رنز بنائے۔

ٹورنامنٹ کے بہترین فیلڈر کا ایورڈ بھی لاہور قلندرز کے کھلاڑی نے حاصل کیا۔ فخر زمان نے ٹورنامنٹ میں 10 کیچز پکڑ کر بہترین فیلڈر کا ایوارڈ حاصل کیا۔

-ENDS-

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

Partners